# بیمار سے جڑی طبی مشینوں کو بند کرنا - 18 /Feb/ 2020

سوال: ایسا بیمار کہ جس کے جدید طبی علوم کی رو سے شفایاب ہونے یا صحت کے بہتر ہونے کی کوئی امید نہ ہو اور ممکن ہو کہ مشینوں کی مدد سے مزید چند روز زندہ رہ سکے تو کیا بیمار کے درد و الم کا دورانیہ کم کرنے کی غرض سے مشینوں کا استعمال نہ کرنا یا انہیں بند کردینا جائز ہے؟ کیا بیمار کا سرپرست یا قریبی افراد ڈاکٹر کو ایسی اجازت دے سکتے ہیں؟

جواب: بیمار کی جان بچانا - حتی کہ سوال کے مسئلے میں - واجب ہے اور اس سلسلے میں بیمار کا سرپرست شرعی طور پر کوئی اختیار نہیں رکھتا۔